سوال

(530) عورتوں کی تصویروں والے مجلات پہ پابندی لگانا واجب ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بازار میں فروخت کیے جانے والے ان مجلات کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ جن پہ عورتوں کی بناؤ سنگار کے ساتھ اور بہت فتنہ انگیز انداز میں تصویریں چھپی ہوتی ہیں کیا اس مجلات کو بیچنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان تمام جرائد و مجلات پہ پابندی لگانا واجب ہے جن میں عوتوں کی تصویریں ہوں کیونکہ یہ فتنہ ہے، حکومت نے بھی اس سے اتفاق کیا ہے، والحمد للہ ذلک: اسی طرح وزیر اطلاعات کی طرف سے بھی ان مجلات پہ پابندی کا حکم صادر ہو چکا ہے لہذا سب پر واجب ہے کہ وہ تعاون کریں تاکہ مسلمانوں کو ایسے مجلات اور صحافت سے بچایا جاسکے جو گھٹیا باتیں اور فحش تصویریں پھیلا رہی ہیں خواہ ان کا تعلق اندرون ملک سے ہو یا بیرون ملک سے کیونکہ یہ ایک ایسی برائی ہے جسے متعلقہ ذمہ دار لوگوں کی وساطت سے مٹا دینا واجب ہے۔ وزارت اطلاعات اور دینی امور کو بھی چاہیے کہ وہ اس کے خاتمہ کے لیے اقدام کریں۔ اللہ تعالی انہیں ہر اس کام کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے جس میں بندوں اور شہروں کی بھلائی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص405

محدث فتویٰ